جواهر پارے

(الدرة الباهرة من الاصداف الطاهرة)

از

شمس الدین المعروف بہ شہید اول

ترجمہ

مولانا سید تلمیذ حسنین رضوی

ناشر

تنظیم المکاتب

گولہ گنج۔ لکھنؤ۔ ہندوستان

پیشکش

ادارۂ نشر دانش

نیوجرسی - امریکہ

جواھر پارے

(الدرۃ الباھرۃ من الاصداف الطاھرۃ)

از

شمس الدین المعروف بہ شہید اول

ترجمہ

سید تلمیذ حسنین رضوی

ناشر

نشر دانش، نیوجرسی (امریکہ)

نام کتاب	:	الدرۃ الباہرۃ من الاصداف الطاہرۃ
مولف	:	شمس الدین محمد المعروف بہ شہید اول
اردو ترجمہ	:	جواہر پارے
مترجم	:	مولانا سید تلمیذ حسنین رضوی
کمپوزنگ	:	محمد سرور رضوی
ناشر	:	تنظیم المکاتب گولہ گنج لکھنؤ
سنہ طباعت	:	۲۰۱۱ء
قیمت	:	30

فہرست مطالب

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر

بسمہ سبحانہ

عرض تنظیم

اللہ اپنی باتیں دوطریقوں سے بندوں تک پہنچاتا ہے، ایک وحی کی شکل میں جو کلام الٰہی بن جاتی ہیں، دوسرے اپنے بھیجے ہوئے انبیاء اور ائمہ کی زبان سے جو حدیث کہلاتی ہیں۔

اگر کسی کو مکمل دین سمجھنا ہے اور اس پر عمل کرکے دیندار بننا ہے تو اسے کتاب خدا کے ساتھ ساتھ احادیث معصومینؑ کو بھی سمجھنا ہوگا۔

اسی لئے ہمارے علماء نے جہاں ایک طرف کتاب خدا کی تفسیریں لکھی ہیں دوسری طرف احادیث معصومینؑ کے مجموعے تیار کئے ہیں جن میں بحارالانوار جیسی سیکڑوں جلدوں پر مشتمل ضخیم کتابیں بھی ہیں اور زیر نظر جواہر پارے جیسی مختصر کتاب بھی۔

جواہر پارے شہید اولؒ کے جمع کردہ مجموعۂ احادیث ''الدُّرَّةُ الْبَاهِرَةُ مِنَ الْاَصْدَافِ الطَّاهِرَةِ'' کا ترجمہ ہے۔

کتاب کی نفاست کا اندازہ آپ کو پڑھ کر ہوگا۔ مؤلف کی روحانیت اور عظمت کے بارے میں صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ آغاز اسلام سے ان کی شہادت تک شہداء کی تعداد لاکھوں میں ہوتے ہوئے شہید اول کا لقب انہیں ملا ہے۔

ترجمہ پر کسی تبصرہ کی ضرورت نہیں، پڑھیں گے تو خود محسوس کریں گے۔ صرف اتنا عرض کروں گا کہ برادر محترم مولانا سید تلمیذ حسنین صاحب کے ترجمہ کی خصوصیت یہ ہے کہ ان کا ترجمہ،

ترجمہ نہیں لگتا۔ اللہ ان کو صحت وسلامتی کے ساتھ طول عمر دے تاکہ زیادہ سے زیادہ ان کتابوں کے ترجمے قارئین تک پہنچ جائیں جن کے ترجمے کی سختی کے باعث مترجمین ان کے ترجمہ سے گریز کرتے ہیں۔ والسلام

سید صفی حیدر
سکریٹری تنظیم المکاتب، لکھنؤ
۲۷؍رجب المرجب ۱۴۳۲ھ

سخن مختصر

مولانا سید تلمیذ حسنین رضوی صاحب ہمارے پرانے ساتھی ہیں۔سندھ یونیورسٹی حیدرآباد میں مولانا نے جس سال ایم۔اے عربی میں داخلہ لیا، میں نے ایم۔اے فارسی میں، مگر شعبہ اردو میں منتقل ہو کر آ گیا۔مولانا نے عربی میں فرسٹ کلاس فرسٹ پوزیشن حاصل کی، میں نے شعبہ اردو میں۔ہم دونوں گولڈ میڈلسٹ بھی ہیں۔مولانا کی طبیعت کا میلان تحقیق کی طرف تھا۔یہی کچھ کیفیت میری بھی رہی ہے۔مزاج کی اس ہم آہنگی نے ہم دونوں کو اور بھی قریب تر کر دیا۔جب کبھی علمی موضوعات زیر بحث آتے، تحقیق و تنقید کے دفتر کھل جاتے، کتابوں پر کتابیں نکل آتیں، ہم دونوں اپنے اپنے موقف، پرنت نئی تحقیق سامنے لاتے۔اس سے ہم دونوں کو بہت ہی فائدہ پہنچا۔دراصل گھریلو ماحول اس سلسلے میں برا معاون ہوتا ہے۔مولانا کے والد خود بڑے عالم تھے، مجتہد کا درجہ رکھتے تھے، بہت اچھا کتب خانہ تھا۔یہی صورت میری بھی تھی۔ہمارے خاندان کے بزرگ صاحب تصنیف ہوئے ہیں۔والد صاحب قبلہ نے حدیث کی مشہور کتاب حصن حصین کی شرح لکھی ہے۔گویا علم و تحقیق ہماری گھٹی میں شامل ہے اور خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہماری طبیعت اس طرح مائل رہی ہے۔

۱۹۸۴ء میں مولانا امریکہ چلے گئے اور نیو جرسی کو اپنا مستقر بنایا۔یہاں معاشی جدوجہد میں مصروف رہے تاہم وقتاً فوقتاً کچھ نہ کچھ ضرور لکھتے رہے۔کتابوں کا چسکا تو شروع سے تھا، حالات سازگار ہوئے تو کتابیں جمع کرنے لگے۔ابھی ناچیز کا امریکہ جانا ہوا مولانا کے گھر بھی گیا۔مولانا نے امریکہ جیسی جگہ میں نہایت عمدہ کتب خانہ فراہم کیا ہے۔جن کتابوں کو ہم ترستے

تھے ان میں سے اکثر مولانا کے کتب خانے میں موجود ہیں۔ وہاں انہوں نے اپنے بہت سے کام دکھائے کئی چھوٹی بڑے کتابوں پر مقدمے لکھے، کئی ایک کا اردو ترجمہ کیا۔ قرآن کریم کی ایک معروف تفسیر فیض کاشانی کی ''*الصافی*'' کو اردو میں منتقل کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ جلد مکمل کرائے۔

زیر نظر کتاب ''*الدرة الفاخرة من الاصداف الطاهرة*'' کا اردو ترجمہ ہے۔ یہ حضور اقدسؐ اور ائمہ اثنیٰ عشر کے چیدہ چیدہ اقوال کا مجموعہ ہے جو تقریر و تحریر دونوں کے لئے مفید ہے۔ اسی نسبت سے اس کا نام ''*جواہر پارے*'' تجویز کیا گیا ہے۔ مولان نے اصل عربی تن کو سامنے رکھ کر نہایت سلیس اور آسان زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ بلاشبہ ترجمہ کرنا ایک فن ہے اس میں مفہوم کے تبدیل ہو جانے کا قوی امکان ہوتا ہے مگر مولانا نے ترجمے میں کمال مہارت کا ثبوت دیا ہے۔ امید کہ یہ مختصر کتاب بہت مفید ثابت ہوگی۔ آخر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ مولانا کو مزید علمی و تحقیقی کام سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ڈاکٹر محمد عبدالمقیت شاکر علیمی
گلشن اقبال، کراچی

مؤلف کتاب

شہید اول کا نام ابوعبداللہ محمد بن شیخ جمال الدین مکی بن محمد بن حامد بن احمد عاملی نبطی جزینی ہے۔ والدہ سیدہ علویہ جن کا تعلق آل معیہ عراق سے ہے۔ دادا شیخ محمد شمس الدین بڑے صاحب فضل تھے۔ تاریخ ولادت ۷۳۴ھ ہے اور شہادت ۱۹ جمادی الاولیٰ ۷۸۶ھ کو دمشق میں ہوئی۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم جبل عامل کے شہر جزین میں حاصل کی۔ ۱۶ سال کی عمر میں مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے ۷۵۹ھ میں عراق کی طرف ہجرت کی اور حلہ جو اس وقت مرکز علم تھا وہاں قیام کیا۔ انہوں نے نجف اور کربلا کے علمائے اعلام اور فقہائے انام سے بھی اکتساب علم کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اہل سنت کے علماء و مشائخ سے بھی کتب حدیث کی اجازت حاصل کی۔

مشہور تصنیفات

۱۔ الذکری

۲۔ الدروس الشرعیہ فی فقہ الامامیہ

۳۔ غایۃ المراد فی شرح نکت الارشاد

۴۔ اللمعۃ الدمشقیہ

۵۔ کتاب المزار

۶۔ ''الدارۃ الفاخرۃ من الاصداف الطاہرۃ'' ہیں۔

مؤخرالذکر کتاب آنحضرتؐ کے اقوال وحکم اور ائمہ کرامؑ کی حکمت آمیز باتوں پر مشتمل ہے۔

کتاب ''*الدرۃ الباہرۃ من الاصداف الطاہرۃ*'' (یعنی پاکیزہ سیپیوں کے چمک دار موتی) کے مؤلف شہید اول شیخ محمد مکی ہیں جنہوں نے اپنے ذوق علمی اور مذاق فکری کے مطابق اقوال وحکم کا ایک معیاری انتخاب پیش کیا ہے ان سے پہلے شعبۃ الحرانی نے ،اس موضوع پر ''*تحف العقول*'' نامی کتاب مرتب کی تھی جو کافی مقبول ہوئی۔

یہ مختصر سی کتاب جو عربی زبان میں صرف (۴۸) صفحات پر مشتمل ہے۔اس میں آنحضرتؐ کے (۱۷) اقوال ہیں جن میں علم،علماء دنیا،مال دنیا اور اخلاقی امور کے بارے میں رہنمائی کی گئی ہے۔

حضرت علی کے (۱۹) اقوال ہیں جو عفوودرگزر،صلہ رحمی،زبان کی خرابی اور نقصان سے متعلق ہیں۔

امام حسنؑ کے صرف (۸) اقوال ہیں جن کا موضوع احسان،ایفائے وعدہ،تفکروتدبر اور انسانی شناسی ہے۔

امام حسینؑ کے (۵) اقوال ہیں جو جودوسخا اور کرم وعطا سے تعلق رکھتے ہیں

امام زین العابدین کے (۹) اقوال کتاب کی زینت ہیں جن میں دوستی ورفاقت کے اصول،کریم ولئیم اور مومن کی علامات کو بیان کیا ہے۔

امام محمد باقرؑ کے (۷) اقوال ہیں جن میں خدا کی خوشنودی،زندگی گزانے کے اصول اور تلاوت قرآن کے آداب کا تذکرہ ہے۔

امام جعفر صادقؑ کے اقوال کی تعداد (۲۲) ہے۔جن میں اخلاقی قدریں،مشورت کے اصول اور قضاوقدر کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے۔

امام موسیٰ کاظمؑ ۔ کی تعداد (۱۰) ہے۔جن میں معرفت،احسان،سوالوں کے جوابات ہیں۔

امام علی رضاؑ کے اقوال کی تعداد (۱۳) ہے۔جن میں شرک وکفر کی تعریف، عہد شکنی، تعزیت کا اصول، آیت کی تشریح وغیرہ ہے۔

امام علی نقیؑ کے اقوال کی تعداد (۱۸) ہے،جن میں نفس کی کیفیت، صبر، حسد، عدل وظلم کا دوراور مختلف اخلاقی فضائل ورذائل کا ذکر ہے۔

امام حسن عسکریؑ کے اقوال کی تعداد (۲۰) ہے۔جن میں سخاوت وشجاعت کا معیار، اللّٰہ سے مناجات اورامامت کا تعارف ہے۔

امام مہدیؑ کے (۲) اقوال کتاب کی زینت ہیں۔جن میں قرآن کریم کی آیت ﴿فَأخْلَعْ نَعْلَيْکَ﴾ کی تفسیر، اسحاق بن یعقوب کا جواب جس میں ظہور امام، دیگر اموراور زمانہ غیبت کا فلسفہ مذکور ہے۔

ترجمہ نہایت آسان، شگفتہ اور سلیس ہے کوشش یہ کی گئی ہے کہ ترجمہ عبارت سے ہم آہنگ رہے اور معصومین نے جن امور کی وضاحت کرنا چاہی ہے انہیں بے کم وکاست جوں کا توں بیان کر دیا جائے۔ میری خواہش ہے کہ ہم اپنی زندگی کو سنوارنے اور آراستہ کرنے کے لئے ان اقوال سے رہنمائی حاصل کریں۔ یہ جواہر پارے ہماری پریشانیوں کو دور کرنے، ہمیں اعلیٰ انسانی قدروں سے ہم کنار کرنے اور ہمارے مسائل کو حل کرنے میں مدومعاون ثابت ہوں گے۔

سید تلمیذ حسنین رضوی

۱۰رجولائی ۲۰۱۰ء

مِن کلام النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿۱﴾ (۱) اَلْعِلْمُ وَدِیْعَةُ اللّٰهِ فِیْ أَرْضِهِ وَالْعُلَمَاءُ اُمَناؤُهُ عَلَیْهِ فَمَنْ عَمِلَ بِعِلْمِهِ أَدّیٰ أَمَانَتَهُ وَمَنْ لَمْ یَعْمَلْ بِعِلْمِهِ کُتِبَ فِی دِیْوَانِ اللّٰهِ مِنَ الْخَائِنِیْنَ۔[۱]

﴿۲﴾ (۲) اِنَّکُمْ لَنْ تَسَعُوْا النَّاسَ بِأَمْوَالِکُمْ فَسَعُوْهُمْ بِأَخْلاقِکُمْ۔[۲]

﴿۳﴾ (۳) تَفَرَّغُوْا مِنْ هُمُوْمِ الدُّنْیَا مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنَّهُ مَنْ أَقْبَلَ عَلَی اللّٰهِ تَعَالیٰ بِقَلْبِهٖ جَعَلَ اللّٰهُ قُلُوْبَ الْعِبَادِ مُنْقَادَةً اِلَیْهِ بِالْوُدِّ وَالرَّحْمَةِ وَکَانَ اللّٰهُ اِلَیْهِ بِکُلِّ خَیْرٍ أَسْرَعَ۔[۳]

﴿۴﴾ (۴) لاٰ یَرُدُّ الْقَدَرَ اِلاَّ الدُّعَاءُ وَلاٰ یَزِیْدُ فِی الْعُمْرِ اِلاَّ الْبِرُّ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَیُجَرُّ الرِّزْقَ بِذَنْبٍ یُصِیْبُهٗ۔[۴]

﴿۵﴾ (۵) حُسْنُ الظَّنِّ بِاللّٰهِ مِنْ عِبَادَةِ اللّٰهِ۔[۵]

﴿۶﴾ (۶) اِرْحَمُوْا ثَلاثاً: عَزِیْزَ قَوْمٍ ذَلَّ وَغَنِیَّ قَوْمٍ اِفْتَقَرَ وَعَالِماً تَتَلاعَبُ بِهِ الْجُهَّالُ۔[۶]

﴿۷﴾ (۷) اَلسَّخِیُّ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ وَاَنَارَفِیْقُهُ وَالْبَخِیْلُ فِی النَّارِ وَاِبْلِیْسُ رَفِیْقُهُ۔[۷]

اقوال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿۱﴾ (۱) علم زمین پر اللہ کی امانت ہے اور علماء اس کے امین ہیں، پس جس شخص نے اپنے علم کے مطابق عمل کیا تو گویا اس نے امانت ادا کردی۔ اور جس شخص نے اپنے علم کے مطابق عمل نہیں کیا تو دفتر خداوندی میں اس کا نام خیانت کرنے والوں میں لکھ دیا جائے گا۔

﴿۲﴾ (۲) اگر تم اپنے مال سے لوگوں کی حاجت روائی نہیں کرسکتے تو (کم از کم) اپنے اخلاق سے اس کا مداوا کردو۔

﴿۳﴾ (۳) جس قدر ممکن ہو اپنے آپ کو دنیاوی تفکّرات سے فارغ کردو اس لئے کہ جو بھی قلب سلیم کے ساتھ اللہ کی جانب متوجہ ہوگا تو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے دلوں کو محبت و رحمت کے ساتھ اس کی طرف جھکا دے گا اور اللہ تعالی اس کے لئے ہر خیر میں جلدی کرے گا۔

﴿۴﴾ (۴) تقدیر کو دعاؤں سے پلٹایا جاسکتا ہے، عمر کو نیکیوں کے ذریعہ بڑھایا جاسکتا ہے، اور رزق سے محرومی کا سبب انسان کے وہ گناہ ہیں جو اس سے سرزد ہوئے ہیں۔

﴿۵﴾ (۵) اللہ (تعالیٰ) سے حسن ظن رکھنا بھی ایک طرح کی عبادت ہے۔

﴿۶﴾ (۶) تین طرح کے افراد پر رحم کھاؤ، قوم کا وہ عزت دار جو ذلیل ہوگیا، قوم کا وہ مال دار جو محتاج ہوگیا اور وہ عالم جو جاہلوں کے ہاتھ میں کھلونا بنا ہوا ہے۔

﴿۷﴾ (۷) آنحضرتؐ نے فرمایا: سخی کو قرب خداوندی حاصل ہے اور میں اس کا رفیق ہوں۔ بخیل جہنمی ہے اور شیطان اس کا ساتھی ہے۔

﴿٨﴾ (٨) مَنْ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ لِلتَّكَبُّرِ فَمَاتَ مَاتَ جَاهِلاً وَمَنْ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ لِلْقَوْلِ دُوْنَ الْعَمَلِ فَمَاتَ مَاتَ مُنَافِقاً وَمَنْ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ لِلْعَمَلِ فَمَاتَ مَاتَ عَارِفاً.[٨]

﴿٩﴾ (٩) اِنَّ اللّٰهَ اِصْطَفٰی اَرْبَعاً مِنْ اَرْبَعٍ اِصْطَفَی الْاِسْلَامَ مِنَ الْاَدْیَانِ وَشَهْرَ رَمَضَانَ مِنَ الشُّهُوْرِ وَلَیْلَةَ الْقَدْرِ مِنَ اللَّیَالِی وَیَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنَ الْاَیَّامِ.[٩]

﴿١٠﴾ (١٠) اَلتَّعْظِیْمُ لِاَمْرِ اللّٰهِ وَالشَّفَقَةُ عَلٰی خَلْقِ اللّٰهِ.[١٠]

﴿١١﴾ (١١) اِنِّیْ تَارِکٌ فِیْکُمُ الثَّقْلَیْنِ کِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِیْ مَا اِنْ تَمَسَّکْتُمْ بِهِمَا لَنْ تَضِلُّوا.[١١]

﴿١٢﴾ (١٢) قَالَ فِیْ شَانِ عَلِیٍّ اَنَا مَدِیْنَةُ الْحِکْمَةِ وَعَلِیٌّ بَابُهَا ثُمَّ قَالَ: لَایَعْرِفُ اللّٰهَ حَقَّ مَعْرِفَتِهٖ اِلَّا اَنَا وَعَلِیٌّ وَلَا یَعْرِفُنِیْ حَقَّ مَعْرِفَتِیْ اِلَّا اللّٰهُ وَعَلِیٌّ وَلَا یَعْرِفُ عَلِیًّا حَقَّ مَعْرِفَتِهٖ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَا.[١٢]

﴿١٣﴾ (١٣) اَلسُّلْطَانُ ظِلُّ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ یَاوِی اِلَیْهِ کُلُّ مَظْلُوْمٍ.[١٣]

﴿١٤﴾ (١٤) أَرْبَعَةٌ تَحْتَاجُ اِلٰی أَرْبَعَةٍ: اَلْعِلْمُ اِلَی الْعَمَلِ وَالْحَسَبُ اِلَی الْاَدَبِ وَالْقَرَابَةُ اِلَی الْمَوَدَّةِ وَالْعَقْلُ اِلَی التَّجرِبَةِ.[١٤]

﴿۸﴾ (۸) جس نے علم بڑائی جتلانے کے لئے حاصل کیا اور اسے موت آگئی تو وہ جاہل مرا، اور جس نے علم صرف قول کے لئے حاصل کیا اور اس پر عمل نہیں کیا پھر اس کی موت واقع ہوگئی تو وہ منافق مرا، اور جس نے علم کو عمل کرنے کے لئے حاصل کیا اور مرگیا تو وہ عارف (بامعرفت) مرا۔

﴿۹﴾ (۹) اللہ نے چار چیزوں کو چار چیزوں میں سے منتخب کیا ہے۔ اسلام کو تمام ادیان میں، ماہ رمضان کو تمام مہینوں میں، شب قدر کو تمام راتوں میں اور جمعہ کو تمام دنوں میں سے منتخب کیا ہے۔

﴿۱۰﴾ (۱۰) حکم خدا کی عظمت کو ملحوظ رکھو اور مخلوق خدا پر شفقت کرو۔

﴿۱۱﴾ (۱۱) میں تمھارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں اللہ کی کتاب اور اپنی عترت اہل بیت۔ جب تک تم، ان دونوں سے تمسّک رکھوگے ہرگز گمراہ نہیں ہوؤ گے۔

﴿۱۲﴾ (۱۲) آنحضرت نے حضرت علی کی منزلت بیان کرتے ہوئے فرمایا میں حکمت کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ اس کے بعد فرمایا اللہ کی حقیقی معرفت سوائے میرے اور علی کے کسی کو حاصل نہیں اور میری حقیقی معرفت کوئی نہیں رکھتا سوائے اللہ اور علی کے۔ اور علی کو صحیح معنی میں کوئی نہیں پہچانتا سوائے اللہ کے اور میرے۔

﴿۱۳﴾ (۱۳) حاکم (بادشاہ) روئے زمین پر اللہ کا سایہ ہے، ہر مظلوم جس کی طرف پناہ لیتا ہے۔

﴿۱۴﴾ (۱۴) چار چیزوں کو چار چیزوں کی ضرورت ہے۔ علم کو عمل کی، حسب کو ادب کی، قرابت کو محبت اور عقل کو تجربہ کی۔

﴿۱۵﴾ (۱۵) لاخَيرَ لَکَ فِیْ صُحْبَةٍ مَنْ لا یَریٰ لَکَ مِثْلَ الَّذِیْ یَریٰ لِنَفْسِهٖ.[۱۵]

﴿۱۷﴾ (۱۶) المُؤمن اِذَا مَاتَ وَتَرَکَ وَرَقَةً وَاحِدَةً عَلَیْهَا عِلْمٌ تَکُوْنُ تِلْکَ الْوَرَقَةُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ سِتراً فِیْمَا بَیْنَهُ وَبَیْنَ النَّارِ وَاَعْطَاهُ اللّٰهُ بِکُلِّ حَرْفٍ مَکْتُوْبٍ عَلَیْهَا مَدِیْنَةً أَوْسَعَ مِنَ الدُّنْیَا سَبْعَ مَرَّاتٍ وَمَا مِنْ عَبْدٍ مُؤمِنٍ یَقْعُدُ سَاعَةً عِنْدَ الْعَالِمِ اِلَّانَادَاهُ رَبُّهُ جَلَسْتَ اِلیٰ حَبِیْبِیْ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَاُسْکِنَنَّکَ الجَنَّةَ مَعَهُ وَلَا اُبَالِی.[۱۶]

﴿۱۷﴾ (۱۷) تَاخِیْرُ التَّوْبَةِ اِغْتِرارٌ وَطُوْلُ التَّسْوِیْفِ حَیْرَةٌ و اَلْاَعْتِلَالُ[۱۷] عَلَی اللّٰهِ هَلَکَةٌ وَالْاِصْرَارُ عَلَی الذَّنْبِ أَمْنٌ وَ﴿لا یَأْمَنُ مَکْرَ اللهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُونَ﴾.[۱۸،۱۹]

﴿۱۵﴾ (۱۵) ایسے شخص کی رفاقت میں کوئی بھلائی نہیں ہے جو اپنے لیے جن باتوں کا خیال رکھتا ہے تمھارے لیے ان باتوں کو ملحوظ نہیں رکھتا۔

﴿۱۶﴾ (۱۶) اگر کوئی مومن مرتے وقت ایسا ورق چھوڑ جائے جس میں علم کی باتیں لکھی جائی ہوں تو وہ ورق روز قیامت اس مومن اور جہنم کے درمیان پردہ بن جائے گا اور اس ورق کی تحریر کے ہر حرف کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس مومن کو ایسا شہر عطا کرے گا جو دنیا سے سات گنا بڑا ہوگا۔

اگر کوئی بندۂ مومن عالم کے پاس ایک ساعت بیٹھتا ہے تو اس کا پروردگار اسے آواز دیتا ہے، تم میرے دوست کے ہم نشین تھے مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم میں تمھیں جنت میں بھی اس کی ہم نشینی عطا کروں گا اور مجھے کسی کی پروا نہیں ہے۔

﴿۱۷﴾ (۱۷) توبہ کرنے میں تاخیر سے کام لینا خود فریبی ہے اور اس میں ٹال مٹول کرنا باعث حیرت ہے اللہ کے مقابل میں بہانہ بازی موجب ہلاکت ہے اور گناہ پر اصرار کرنا گویا کہ خود کو محفوظ تصور کرنا ہے۔ اللہ کی تدبیر سے وہی قوم بے خوف ہوتی ہے جو تباہ ہونے والی ہو۔

مِنْ کَلَامِ الْاِمَامِ عَلِی بْنِ اَبِیْ طَالِبؑ

﴿۱۸﴾ (۱) اَلْعَفْوُ عَنِ الْمُقِرِّ لَا عَنِ الْمُصِرِّ۔ [۲۰]

﴿۱۹﴾ (۲) لَا یَکُوْنَنَّ اَخُوْکَ عَلیٰ قَطِیْعَتِکَ اَقْویٰ مِنکَ عَلٰی صِلَتِہِ وَلَا یَکُوْنَنِّ عَلَی الْاِسَاءَۃِ مِنکَ عَلَی الْاِحْسَانِ۔ [۲۱]

﴿۲۰﴾ (۳) مَا اَقْبَحَ الْخُشُوْعَ عِنْدَ الْحَاجَۃِ وَالْجَفَاءَ عِنْدَ الْغِنٰی۔ [۲۲]

﴿۲۱﴾ (۴) قَطِیْعَۃُ الْجَاھِلِ تَعْدِلُ صِلَۃَ الْعَاقِلِ۔ [۲۳]

﴿۲۲﴾ (۵) بَلَاءُ الْاِنْسَانِ مِنَ اللِّسَانِ۔ [۲۴]

﴿۲۳﴾ (۶) اَللِّسَانُ سَبُعٌ اِنْ خُلِّیَ عَنْہُ عَقَرَ الْعَافِیَۃَ۔ [۲۵]

﴿۲۴﴾ (۷) اِتَّقُوْا مَنْ تُبْغِضُہُ قُلُوْبُکُمْ۔ [۲۶]

﴿۲۵﴾ (۸) اَلْعَافِیَۃُ عَشَرَۃُ اَجْزَاءٍ تِسْعَۃٌ مِنْھَا فِی الصَّمْتِ اِلَّا بِذِکْرِ اللّٰہِ وَوَاحِدٌ فِیْ تَرْکِ مُجَالَسَۃِ السُّفَھَاءِ۔ [۲۷]

اقوال امام علی ابن ابی طالب علیہ السلام

﴿۱۸﴾ (۱) عفو و بخشش اس کے لیے ہے جو گناہوں کا اعتراف کرے، اس کے لیے نہیں ہے جو گناہوں پر ڈٹا رہے۔

﴿۱۹﴾ (۲) تمھارے بھائی کو صلہ رحمی کے مقابلے میں تم سے قطعِ تعلق پر زیادہ طاقتور نہیں ہونا چاہیے اور نہ تمھارے احسان کے مقابلے میں تم سے برائی کرنے پر اسے زیادہ قدرت ہونی چاہیے۔

﴿۲۰﴾ (۳) ضرورت کے وقت عاجزی اور بے نیازی کے موقع پر جفا (زیادتی) بہت بری چیز ہے۔

﴿۲۱﴾ (۴) جاہل سے قطع تعلق کرنا ایسا ہی ہے جیسے عاقل سے رشتہ ناطہ جوڑنا۔

﴿۲۲﴾ (۵) انسان پر اکثر مصیبتیں صرف زبان کی وجہ سے آتی ہیں۔

﴿۲۳﴾ (۶) زبان ایک درندہ ہے اگر اسے کھلا چھوڑ دو گے تو وہ امن کو برباد کر دے گی۔

﴿۲۴﴾ (۷) تمھارا دل جس بات کو ناپسند کرتا ہے اس سے بچتے رہو۔

﴿۲۵﴾ (۸) عافیت کے دس حصے ہیں، ان میں نو (۹) کا تعلق خاموشی سے ہے سوائے ذکر خداوندی کے اور ان میں سے ایک یہ ہے کہ احمقوں کی صحبت اختیار نہ کرو۔

﴿۲٦﴾ (۹) وَقِيلَ لَهُ: مَا الْإِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ؟ فَقَالَ: أَدَاءُ الْفَرَائِضِ وَاِجْتِنَابُ الْمَحَارِمِ وَالْإِشْتِمَالُ عَلَى الْمَكَارِمِ ثُمَّ لَا يُبَالِيْ أَوَقَعَ عَلَى الْمَوْتِ اَوْ وَقَعَ الْمَوْتُ عَلَيْهِ وَاللّٰهِ لَا يُبَالِي ابْنُ أَبِي طَالِبٍ اَوَقَعَ عَلَى الْمَوْتِ اَوْ وَقَعَ الْمَوْتُ عَلَيْهِ. [۲۸]

﴿۲۷﴾ (۱۰) الْعَاقِلُ مَنْ رَفَضَ الْبَاطِلَ. [۲۹]

﴿۲۸﴾ (۱۱) الشَّرِيْفُ مَنْ اَنْصَفَ الضَّعِيْفَ وَالسَّعِيْدُ مَنْ خَافَ الْوَعِيْدَ. [۳۰]

﴿۲۹﴾ (۱۲) الْغُمْرُ [۳۱] مَنْ وَثِقَ بِالْعُمْرِ. [۳۲]

﴿۳۰﴾ (۱۳) السَّخَاءُ تَرْکُ التَّمَنّی عِنْدَ الْعَطاءِ. [۳۳]

﴿۳۱﴾ (۱۴) عِمَادُ الدِّيْنِ الْوَرَعُ وَفَسَادُهُ الطَّمَعُ. [۳٤]

﴿۳۲﴾ (۱۵) بَرَکَةُ الْمَالِ فِيْ اَدَاءِ الزَّکَاةِ. [۳٥]

﴿۳۳﴾ (۱٦) ثَبَاتُ الْمُلْکِ بِالْعَدْلِ. [۳٦]

﴿۳٤﴾ (۱۷) ثَوابُ الآخِرَةِ خَيْرٌ مِنْ نَعِيْمِ الدُّنْيَا. [۳۷]

﴿۳٥﴾ (۱۸) مَجْلِسُ الْعِلْمِ رَوْضَةُ الجَنَّةِ. [۳۸]

﴿۳٦﴾ (۱۹) مَجْلِسُ الْكِرامِ حُصُوْنَ الْكَلَامِ. [۳۹]

﴿۲۶﴾ (۹) امیر المومنینؑ سے دریافت کیا گیا کہ موت کے لیے تیار ہونے سے کیا مراد ہے؟ تو امامؑ نے فرمایا: واجبات کو ادا کرنا، محرمات سے بچنا، سخاوت وفیاضی کو اپنانا، اس کے بعد اس بات کی کوئی پروا نہ کرے کہ وہ موت تک پہنچ گیا ہے یا موت اس پر واقع ہوگئی ہے۔ خدا کی قسم فرزند ابو طالب کو اس بات کی کوئی پروا نہیں ہے کہ وہ موت تک پہنچ جائے یا موت اس تک رسائی حاصل کر لے۔

﴿۲۷﴾ (۱۰) عاقل وہ ہے جو باطل کو ترک کردے۔

﴿۲۸﴾ (۱۱) شریف وہ ہے جو کمزوروں سے انصاف کرے اور سعید وہ ہے جو عذاب کے ڈراوے سے ہمیشہ خائف رہے۔

﴿۲۹﴾ (۱۲) جو ناپائدار زندگی پر بھروسا کرے وہ ناتجربہ کار ہے۔

﴿۳۰﴾ (۱۳) اصل سخاوت یہ ہے جود وعطا کے وقت کسی قسم کی تمنا نہ رکھے۔

﴿۳۱﴾ (۱۴) پارسائی دین کا ستون ہے اور حرص وہوس میں دین کی تباہی ہے۔

﴿۳۲﴾ (۱۵) زکوٰۃ دینے سے مال میں برکت ہوتی ہے۔

﴿۳۳﴾ (۱۶) حکومت کا استحکام عدل پر مبنی ہوتا ہے۔

﴿۳۴﴾ (۱۷) آخرت کا ثواب دنیا کی نعمت سے بہتر ہے۔

﴿۳۵﴾ (۱۸) علمی نشست گویا باغِ بہشت ہے۔

﴿۳۶﴾ (۱۹) شرفاء کی بزم کلام کا مضبوط قلعہ ہوتی ہے (یعنی اس بزم کی کوئی بات عام نہیں ہوتی اور اِس کا کوئی راز فاش نہیں ہوتا)

مِن کلام الامام الزکی الحسن بن علی علیہ السلام

﴿۳۷﴾ (۱) اَلْمَعْرُوْفُ مَا لَمْ یَتَقَدَّمْهُ مَطْلٌ وَلَمْ یَتْبَعْهُ مَنٌّ.[۴۰]

﴿۳۸﴾ (۲) اَلْبُخْلُ أنْ یَرَی الرَّجُلُ مَا اَنْفَقَهُ تَلَفًا وَمَا أَمْسَکَهُ شَرَفًا.[۴۱]

﴿۳۹﴾ (۳) مَنْ عَدَّدَ نِعَمَهُ مَحَقَ کَرَمَهُ.[۴۲]

﴿۴۰﴾ (۴) اَلْاِنْجَازُ دَوَاءُ الْکَرَمِ.[۴۳]

﴿۴۱﴾ (۵) لَا تُعَاجِلِ الذَّنْبَ بِالْعُقُوْبَةِ وَاجْعَلْ بَیْنَهُمَا لِلْاِعْتِذَارِ طَرِیْقًا.[۴۴]

﴿۴۲﴾ (۶) اَلتَّفَکُّرُ حَیَاةُ قَلْبِ الْبَصِیْرِ.[۴۵]

﴿۴۳﴾ (۷) اِذَا سَمِعْتَ اَحَدًا یَتَنَاوَلُ اَعْرَاضَ النَّاسِ فَاجْتَهِدْ اَنْ لَا یَعْرِفَکَ فَاِنَّ اَشْقَی الْاَعْرَاضِ بِهِ مَعَارِفُهُ.[۴۶]

﴿۴۴﴾ (۸) اَوْسَعُ مَا یَکُوْنُ الْکَرِیْمُ بِالْمَغْفِرَةِ اِذَا ضَاقَتْ بِالْمُذْنِبِ الْمَعْذِرَةُ.[۴۷]

اقوال امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

﴿۳۷﴾ (۱) احسان وہ ہے جس سے پہلے ٹال مٹول نہ ہو اور جس کے بعد اسے جتلایا نہ جائے۔

﴿۳۸﴾ (۲) کنجوسی کی تعریف یہ ہے کہ انسان اپنے خرچ کیے ہوئے مال کو سمجھے کہ وہ ضائع ہو گیا اور جو مال بچالیا ہے اسے اپنے لیے باعث شرف سمجھے۔

﴿۳۹﴾ (۳) جس نے اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا شروع کر دیا تو گویا کہ اس نے اللہ کے کرم کو مٹا دیا۔

﴿۴۰﴾ (۴) وعدہ وفا کرنا فضل و کرم کی دَوا ہے۔

﴿۴۱﴾ (۵) گناہ کے مواخذے میں جلد بازی سے کام نہ لو بلکہ ان کے درمیان معذرت طلب کرنے کے لیے راستہ کھلا رکھو۔

﴿۴۲﴾ (۶) غور وفکر کرنا قلب بصیر کے لیے سرمایۂ حیات ہے۔

﴿۴۳﴾ (۷) جب کسی شخص کے بارے میں یہ سنو کہ وہ لوگوں کی عزت و آبرو کے درپے ہے تو کوشش کرو کہ اس سے تمھاری شناسائی نہ ہونے پائے اس لیے کہ اس کے نزدیک بدبخت ترین شخص وہ ہوگا جس سے اس کی شناسائی ہو۔

﴿۴۴﴾ (۸) صاحب کرم (سخی) کے لیے اس وقت مغفرت کا وسیع موقع فراہم ہوتا ہے جب گناہ گار کے لیے معذرت کی راہ مسدود ہو جاتی ہے۔

مِن کلام الامام زین العابدین علیہ السلام

﴿٥٠﴾ (١) خَفِ اللّٰهَ تَعَالیٰ لَقُدْرَتِهِ عَلَیْکَ وَاسْتَحْيِ مِنْهُ لِقُرْبِهِ مِنْکَ.[٥٤]

﴿٥١﴾ (٢) لَا تُعَادِیَنَّ اَحَدًا وَاِنْ ظَنَنْتَ اِنَّهُ لَا یَضُرُّکَ وَلَا تَزْهَدَنَّ فِی صَدَاقَةِ اَحَدٍ وَاِنْ ظَنَنْتَ اِنَّهُ لَا یَنْفَعُکَ فَاِنَّکَ لَا تَدْرِی مَتیٰ تَرْجُو صَدِیْقَکَ وَلَا تَدْرِی مَتیٰ تَخَافُ عَدُوَّکَ وَلَا یَعْتَذِرُ اِلَیْکَ اَحَدٌ اِلَّا قَبِلْتَ عُذْرَهُ وَاِنْ عَلِمْتَ اِنَّهُ کَاذِبٌ وَلِیَقِلَّ عَیْبُ[٥٥] النَّاسِ عَلیٰ لِسَانِکَ.[٥٦]

﴿٥٢﴾ (٣) مَنْ رَمَی النَّاسَ بِمَا فِیْهِمْ رَمَوْهُ بِمَا لَیْسَ فِیْهِ.[٥٧]

﴿٥٣﴾ (٤) مَنْ عَتَبَ عَلَی الزَّمَانِ طَالَتْ مَعْتَبَتُهُ.[٥٨]

﴿٥٤﴾ (٥) کَثْرَةُ النُّصْحِ تَدْعُو اِلَی التُّهْمَةِ.[٥٩]

﴿٥٥﴾ (٦) مَا اسْتَغْنیٰ اَحَدٌ بِاللّٰهِ اِلَّا افْتَقَرَ النَّاسُ اِلَیْهِ.[٦٠]

اقوال امام حسین علیہ السلام

﴿۴۵﴾ (۱) ضرورتمندوں کا تمھاری طرف رجوع کرنا اللہ کی ان نعمتوں میں سے ہے جن سے اس نے تمھیں نوازا ہے۔ تم ان نعمتوں سے اکتا نہ جانا ورنہ ان سے ہاتھ دھو بیٹھو گے۔

﴿۴۶﴾ (۲) سخی ترین شخص وہ ہے جس کی جود وسخا ایسے شخص کے لیے ہو جس سے اس کو کوئی امید نہ ہو۔ اور سب سے بڑھ کو معاف کرنے والا وہ شخص ہے جو قدرت رکھنے کے باوجود عفوودرگزر سے کام لے۔ اور افضل ترین انسان وہ ہے جو ناطہ توڑنے والے سے رشتہ جوڑ لے۔

﴿۴۷﴾ (۳) اے اللہ! مجھ کو نوازشات کے ذریعہ آزمائش میں نہ ڈال اور رنج وغم میں مبتلا کر کے مجھے سزا نہ دے۔

﴿۴۸﴾ (۴) جس نے تمھاری بخشش کو قبول کر لیا تو گویا اس نے جود وکرم میں تمھاری اعانت کی۔

﴿۴۹﴾ (۵) تمھارا مال اگر تمھارے لیے نہیں ہے تو تم اس کے لیے ہو تم اسے ذخیرہ نہ کرو اس لیے کہ وہ تمھارے پاس باقی رہنے والا نہیں ہے۔ اور تم اسے کھا جاؤ قبل اس کے کہ وہ تمھیں ہڑپ کر جائے (یعنی مال ودولت خرچ کر کے اور سخاوت کے ذریعہ دنیا وآخرت دونوں کی بھلائی حاصل کرو)

مِن کلام الامام زین العابدین علیہ السلام

﴿۵۰﴾ (۱) خَفِ اللّٰہَ تَعَالیٰ لِقُدرَتِہٖ عَلَیکَ وَاستَحیِ مِنہُ لِقُربِہٖ مِنکَ.[۵۴]

﴿۵۱﴾ (۲) لَا تُعَادِیَنَّ اَحَدًا وَاِن ظَنَنتَ اَنَّہُ لَا یَضُرُّکَ وَلَا تَزہَدَنَّ فِی صَدَاقَۃِ اَحَدٍ وَاِن ظَنَنتَ اَنَّہُ لَا یَنفَعُکَ فَاِنَّکَ لَا تَدرِی مَتیٰ تَرجُو صَدِیقَکَ وَلَا تَدرِی مَتیٰ تَخَافُ عَدُوَّکَ وَلَا یَعتَذِرُ اِلَیکَ اَحَدٌ اِلَّا قَبِلتَ عُذرَہُ وَاِن عَلِمتَ اَنَّہُ کَاذِبٌ وَلِیَقِلَّ عَیبُ[۵۵] النَّاسِ عَلیٰ لِسَانِکَ.[۵۶]

﴿۵۲﴾ (۳) مَن رَمَی النَّاسَ بِمَا فِیہِم رَمَوہُ بِمَا لَیسَ فِیہِ.[۵۷]

﴿۵۳﴾ (۴) مَن عَتَبَ عَلَی الزَّمَانِ طَالَت مَعتَبَتُہُ.[۵۸]

﴿۵۴﴾ (۵) کَثرَۃُ النُّصحِ تَدعُو اِلَی التُّہمَۃِ.[۵۹]

﴿۵۵﴾ (۶) مَا استَغنیٰ اَحَدٌ بِاللّٰہِ اِلَّا افتَقَرَ النَّاسُ اِلَیہِ.[۶۰]

اقوال امام زین العابدین علیہ السلام

﴿۵۰﴾ (۱) اللہ سے ڈرو اس لیے کہ وہ تم پر قدرت رکھتا ہے اور اس سے حیا کرو اس لیے کہ وہ تم سے قربت رکھتا ہے۔

﴿۵۱﴾ (۲) اس علم کے باوجود کہ اس کی دشمنی تمھیں نقصان نہیں پہنچائے گی تم کسی کو بھی اپنا دشمن نہ بناؤ۔ اور کسی کی دوستی سے یہ جانتے ہوئے بھی کنارہ کشی نہ کرو کہ اس کی دوستی سے تمھیں کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ اس لیے کہ تم یہ نہیں جانتے کہ کب تمھیں اپنے دوست کی ضرورت پڑ جائے اور تمھیں یہ بھی پتا نہیں کہ کب دشمن کا خوف تمھیں لاحق ہو جائے۔ تم اگر کوئی معذرت پیش کرے تو یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ جھوٹا ہے تم اس کی معذرت قبول کر لو اور لوگوں کے عیوب اپنی زبان پر نہ لاؤ۔

﴿۵۲﴾ (۳) جو بھی لوگوں میں پائی جانے والی برائیوں کے بارے میں انھیں مورد الزام ٹھہرائے گا تو اس کے جواب میں وہ بھی اس پر ایسی برائیوں کی تہمت لگا دیں گے جو اس میں نہیں پائی جاتیں۔

﴿۵۳﴾ (۴) جو زمانے کو مورد الزام ٹھہرائے تو اس کی سرزنش بہت طویل ہو جائے گی۔

﴿۵۴﴾ (۵) بہت زیادہ نصیحت کرنا تہمت کا سبب بنتا ہے۔

﴿۵۵﴾ (۶) کوئی بھی اللہ سے بے نیاز نہیں ہو سکتا بلکہ ہر فرد اللہ کی محتاج ہے۔

﴿٥٦﴾ (٧) مَنِ أَنَّهُ اِتَّكَلَ عَلىٰ حُسْنِ اخْتِيَارِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لَهُ لَمْ يَتَمَنَّ أَنَّهُ فِيْ غَيْرِ الْحَالِ الَّتِيْ اِخْتَارَهَا اللّٰهُ تَعَالىٰ لَهُ.[٦١]

﴿٥٧﴾ (٨) اِنَّ الْكَرِيْمَ يَبْتَهِجُ بِفَضْلِهٖ وَالْلَئِيْمُ يَفْتَخِرُ بِمُلْكِهٖ.[٦٢]

﴿٥٨﴾ (٩) عَلامَاتُ الْمُؤْمِنِ خَمْسٌ: اَلْوَرَعُ فِيْ الْخَلْوَةِ وَالصَّدَقَةُ فِيْ الْقَلَّةِ وَالصَّبْرُعِنْدَ الْمُصِيْبَةِ وَالْحِلْمُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالصِّدْقُ عِنْدَ الْخَوْفِ.[٦٣]

﴿۵۶﴾ (۷) جو اپنے لیے اللہ کے بہترین انتخاب پر توکل کرتا ہے تو پھر وہ کسی ایسی حالت کی تمنا نہیں کرتا جو اللہ کی پسند کردہ حالت سے مختلف ہو۔

﴿۵۷﴾ (۸) کریم (سخی) اپنی سخاوت پر فخر کرتا ہے اور لئیم (بخیل) اپنی دولت پر اکڑتا ہے۔

﴿۵۸﴾ (۹) مومن کی پانچ نشانیاں ہیں: ۱۔ تنہائی میں پارسائی، ۲۔ مال کی کمی کے باوجود صدقہ، ۳۔ مصیبت کے وقت صبر، ۴۔ غضب کے وقت بردباری، ۵۔ خوف کے ہنگام سچائی۔

مِنْ كَلَامِ الْإِمَامِ مُحَمَّدٍ الْبَاقِرِ عليه السلام

﴿٥٩﴾ (١) اِنَّ اللّٰهَ خَبَّأَ ثَلاثَةً فِي ثَلاثَةٍ: خَبَّأَ رِضَاهُ فِي طَاعَتِهٖ فَلا تُحَقِّرَنَّ مِنَ الطَّاعَةِ شَيْئًا فَلَعَلَّ رِضَاهُ فِيهِ وَخَبَّأَ سَخَطَهُ فِي مَعْصِيَتِهٖ فَلا تُحَقِّرَنَّ [٦٤] مِنَ الْمَعْصِيَةِ شَيْئًا فَلَعَلَّ سَخَطَهُ فِيهِ وَخَبَّأَ اَوْلِيَاءَهُ فِي خَلْقِهٖ فَلا تُحَقِّرَنَّ اَحَدًا فَلَعَلَّهُ الْوَلِيُّ. [٦٥]

﴿٦٠﴾ (٢) صَلاحُ شَأنِ التَّعَايُشِ وَالتَّعَاشُرِ [٦٦] مِثْلُ مِكْيَالٍ ثُلُثَاهُ فِطَنٌ وَثُلُثُهُ تَغَافُلٌ. [٦٧]

﴿٦١﴾ (٣) اَلْغَلَبَةُ بِالْخَيْرِ فَضِيلَةٌ وَبِالشَّرِّ جَهْلٌ. [٦٨]

﴿٦٢﴾ (٤) وَقِيلَ لَهُ عَلَيْهِ السَّلامُ: مَنْ اَعْظَمُ النَّاسِ قَدْرًا؟ فَقَالَ: مَنْ لا يَرَى الدُّنْيَا لِنَفْسِهٖ قَدْرًا. [٦٩]

﴿٦٣﴾ (٥) يَأْخُذُ الْمَظْلُومُ مِنْ دِيْنِ الظَّالِمِ أَكْثَرَ مِمَّا يَأْخُذُ الظَّالِمُ مِنْ دُنْيَا الْمَظْلُومِ. [٧٠]

اقوال امام محمد باقر علیہ السلام

﴿۵۹﴾ (۱) اللہ تعالیٰ نے تین چیزوں کو تین چیزوں میں چھپا رکھا ہے۔ اپنی رضا مندی کو اپنی اطاعت میں لہٰذا اطاعت کرتے وقت کسی شے کو کمتر نہ جانو ہوسکتا ہے اس میں اس کی رضا مندی ہے اور اپنی ناراضگی کو اپنی نافرمانی میں لہٰذا کسی معصیت کو معمولی نہ سمجھنا ہوسکتا ہے کہ اسی میں اس کی ناراضگی پنہاں ہو اور اپنے دوستوں کو اپنی مخلوقات میں خبردار کسی کو حقیر نہ سمجھنا ہوسکتا ہے کہ وہی اس کا دوست ہو۔

﴿۶۰﴾ (۲) محبت کے ساتھ رہنا اور مل جل کر اچھی زندگی گزارنا ایک پیمانہ کی مانند ہے جس میں سے دو تہائی کا تعلق ہوش مندی سے اور ایک تہائی دوسروں کی غلطیوں کو نظرانداز کردینے سے ہے۔

﴿۶۱﴾ (۳) خیر کے ذریعہ غلبہ پانا فضیلت اور شر کے ذریعہ سے غالب آجانا جہالت ہے

﴿۶۲﴾ (۴) امام علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ قدر و قیمت کے اعتبار کون سب سے زیادہ عظمت والا ہے؟ تو امام علیہ السلام نے فرمایا جس کی نگاہوں میں دنیا کی کوئی وقعت نہ ہو۔

﴿۶۳﴾ (۵) مظلوم، ظالم کے دین میں سے اس سے کہیں زیادہ وصول کر لیتا ہے ظالم جسے مظلوم کی دنیا سے حاصل کرتا ہے۔

﴿٦٤﴾ (٦) قَالَ لَهُ جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ إِنَّ قَوْمًا إِذَا ذَكَرُوا شَيْئًا مِنَ الْقُرآنِ أَوْ حُدِّثُوا بِهِ صَعِقَ أَحَدُهُمْ حَتّىٰ يُرىٰ أَنَّهُ لَوْ قُطِعَتْ يَدَاهُ وَرِجْلَاهُ لَمْ يَشْعُرْ بِذَالِكَ؟! فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ ذَالِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ مَا بِهٰذَا أُمِرُوا وَإِنَّمَا هُوَ اللِّيْنُ وَالرِّقَّةُ وَالدَّمْعَةُ وَ الْوَجَلُ.[٧١]

﴿٦٥﴾ (٧) مَنْ كَانَ ظَاهِرُهُ أَرْجَحَ مِنْ بَاطِنِهٖ خَفَّ مِيزَانُهُ.[٧٢]

﴿٦٤﴾ (۶) جابر جعفی نے امام باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک گروہ ایسا ہے کہ جب وہ آیات قرآن کی تلاوت کرتے ہیں یا ان کے سامنے قرآن کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے، ان میں سے کوئی چیخ مار کر مدہوش ہو جاتا ہے کہ اگر اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں تو اسے پتا تک نہ چلے تو امام علیہ السلام نے فرمایا یہ سب شیطنت ہے انھیں اس بات کا حکم نہیں دیا گیا بلکہ قرآن کی تلاوت کے وقت نرم مزاجی، نرم دلی، اشک ریزی اور خوف خداوندی ہونا چاہیے۔

﴿٦٥﴾ (۷) اگر کسی کا ظاہر اس کے باطن سے زیادہ وزنی ہوگا تو قیامت کے دن اس کا میزان ہلکا ہوگا۔

مِنْ كَلَامِ الْإِمَامِ جَعْفَرِ نِ الصَّادِقِ علیہ السلام

﴿٦٦﴾ (١) أَعْرِبُوا كَلَامَنَا فَإِنَّا قَوْمٌ فُصَحَاءُ.[٧٣]

﴿٦٧﴾ (٢) مَنْ كَانَ الْحَزْمُ حَارِسَهُ وَالصِّدْقُ حِلْيَتَهُ عَظُمَتْ بَهْجَتُهُ وَتَمَّتْ مُرُوَّتُهُ وَمَنْ كَانَ الْهَوىٰ مَالِكَهُ وَالْعَجْزُ رَاحَتَهُ عَاقَاهُ عَنِ السَّلَامَةِ وَأَسْلَمَاهُ إِلىٰ الْهَلَكَةِ.[٧٤]

﴿٦٨﴾ (٣) جَاهِلٌ سَخِيٌّ أَفْضَلُ مِنْ نَاسِكٍ بَخِيلٍ.[٧٥]

﴿٦٩﴾ (٤) اَلتَّوَاضُعُ اَنْ تَرْضىٰ مِنَ الْمَجْلِسِ بِدُوْنِ شَرَفِکَ وَاَنْ تُسَلِّمَ عَلىٰ مَنْ لَقِيْتَ وَاَنْ تَتْرُکَ الْمِراءَ وَإِنْ كُنْتَ مُحِقًّا وَرَاسُ الْخَيْرِ التَّوَاضُعُ.[٧٦]

﴿٧٠﴾ (٥) اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ بِمَا اَنْتَ لَهُ اَهْلٌ مِنَ الْعَفْوِ اَوْلىٰ مِنِّى بِمَا اَنَا لَهُ اَهْلٌ مِنَ الْعُقُوبَةِ.[٧٧]

﴿٧١﴾ (٦) كِتَابُ اللّٰهِ عَلىٰ اَرْبَعَةِ اَشْيَاءَ عَلَى الْعِبَارَةِ وَالْإِشَارَةِ وَاللَّطَائِفِ وَالْحَقَائِقِ فَالْعِبَارَةُ لِلْعَوَامِ وَالْإِشَارَةُ لِلْخَوَاصِّ وَاللَّطَائِفُ لِلْاَوْلِيَاءِ وَالْحَقَائِقُ لِلْاَنْبِيَاءِ.[٧٨]

﴿٧٢﴾ (٧) مَنْ سَأَلَ[٧٩] فَوْقَ قَدْرِهِ اِسْتَحَقَّ الْحِرْمَانَ.[٨٠]

اقوال امام جعفر صادق علیہ السلام

﴿٦٦﴾ (١) ہمارے کلام کو واضح طور سے بیان کرو اس لیے کہ ہمارا تعلق عرب کے فصیح ترین لوگوں میں سے ہے۔

﴿٦٧﴾ (٢) دور اندیشی جس کی نگہبان، صداقت جس کا زیور ہو تو اس کی خوشی عظیم اور اس کی مروت مکمل ہو جائے گی اور ہوس جس کا آقا اور ناتوانی جس کی راحت ہو تو یہ باتیں اسے سلامتی سے دور رکھیں گی اور بالآخر اسے ہلاکت کے سپرد کر دیں گی۔

﴿٦٨﴾ (٣) ایسا جاہل جو سخی ہو کنجوس عبادت گزار سے بہتر ہے۔

﴿٦٩﴾ (٤) انکساری کی بات یہ ہے کہ کسی بزم میں بیٹھتے وقت اپنے رتبہ سے کم درجہ نشست پر راضی ہو جاؤ اور جب تمھاری کسی سے ملاقات ہو تو سلام میں پہل کرو اگر تم حق پر بھی ہو تو جھگڑنے سے گریز کرو (یاد رکھو) کہ انکساری اور خاکساری تمام نیکیوں کی سرخیل ہے۔

﴿٧٠﴾ (٥) خدایا! میں جس سزا کا مستحق ہوں تو اس سے کہیں زیادہ مجھ پر عفو و درگذر کا اہل ہے۔

﴿٧١﴾ (٦) کتاب خدا چار چیزوں پر مشتمل ہے عبارت، اشارت، لطیف باتیں اور حقائق، عبارت عوام کے لیے، اشارت خواص کے لیے، لطائف اولیاء کے لیے اور حقائق انبیاء کے لیے ہیں۔

﴿٧٢﴾ (٧) جو اپنی بساط سے بڑھ کر طلب کرے گا وہ محرومی کا حق دار ہوگا۔

﴿۷۳﴾ (۸) اَلعِزُّ أَنْ تَذِلَّ لِلْحَقِّ إِذَا لَزِمَکَ. [۸۱]

﴿۷۴﴾ (۹) مَنْ اَکْرَمَکَ فَأَکْرِمْهُ وَمَنِ اسْتَخَفَّ بِکَ فَأَکْرِمْ نَفْسَکَ عَنْهُ. [۸۲]

﴿۷۵﴾ (۱۰) مِنْ اَخْلَاقِ الْجَاهِلِ الْاِجَابَةُ قَبْلَ أَنْ يَسْمَعَ وَالْمُعَارَضَةُ قَبْلَ أَنْ يَفْهَمَ وَالْحُكْمُ بِمَالَا يَعْلَمُ. [۸۳]

﴿۷۶﴾ (۱۱) أَوْلَى النَّاسِ بِالْعَفْوِ أَقْدَرُهُمْ عَلَى الْعُقُوبَةِ وَأَنْقَصُ النَّاسِ عَقْلًا مَنْ ظَلَمَ دُونَهُ وَلَمْ يَصْفَحْ عَمَّنْ اِعْتَذَرَ اِلَيْهِ. [۸۴]

﴿۷۷﴾ (۱۲) حِشْمَةُ الْاِنْقِبَاضِ أَبْقَىٰ لِلعِزِّ مِنْ أُنسِ التَّلَاقِيْ. [۸۵]

﴿۷۸﴾ (۱۳) الهَوىٰ يَقْظَانُ وَالْعَقْلُ نَائِمٌ. [۸۶]

﴿۷۹﴾ (۱۴) لَا تَكُونَنَّ أَوَّلَ مُشِيرٍ وَاِيَّاکَ وَالرَّأْیَ الْفَطِيرَ وَتَجَنَّبْ اِرْتِجَالَ الْكَلَامِ وَلَا تُشِرْ عَلىٰ مُسْتَبِدٍّ بِرَأْيِهٖ وَلَا عَلىٰ وَغْدٍ لَا عَلىٰ مُتَلَوِّنٍ وَلَا عَلىٰ لَجُوجٍ وَخَفِ اللّٰهَ فِی مُوَافَقَةِ هَوَی الْمُسْتَشِيرِ فَاِنَّ اِلتِمَاسَ مُوَافَقَتِهٖ لُؤْمٌ وَسُوْءَ الْاِسْمَاعِ مِنْهُ خِيَانَةٌ. [۸۷]

﴿۸۰﴾ (۱۵) اِنَّ الْقَلْبَ يَحْيیٰ وَيَمُوتُ [۸۸] فَاِذَا حَیَّ فَاَدِّبْهُ بِالتَّطَوُّعِ وَاِذَا مَاتَ فَقَصِّرْهُ عَلَى الْفَرَائِضِ. [۸۹]

﴿۷۳﴾ (۸) عزت اسی میں ہے کہ اگر تمھارے ذمے کسی کا حق ہو تو اس کے سامنے سر جھکا دو۔

﴿۷٤﴾ (۹) جو تمھاری عزت کرے تم اس کی تکریم کرو اور جو تمھیں کمتر سمجھے تو اس کے مقابلہ میں تم اپنی بڑائی کو قائم رکھو۔

﴿۷٥﴾ (۱۰) سننے سے پہلے جواب دینا، بات سمجھے بغیر جھگڑا کرنا اور جس بات کا علم نہیں اس کے بارے میں حکم دینا نادانوں کا شیوہ ہے۔

﴿۷٦﴾ (۱۱) انسانوں میں سب سے بہتر وہ ہے جو بدلہ لینے کی قدرت رکھتے ہوئے عفو و درگذر کام لے اور تمام انسانوں میں سب سے کم عقل وہ ہے جو اپنے زیردستوں پر ظلم ڈھائے اور معذرت چاہنے والوں کو معاف نہ کرے۔

﴿۷۷﴾ (۱۲) میل جول کے انس سے آبرومندانہ کنارہ کشی عزت کی زیادہ محافظ ہے۔

﴿۷۸﴾ (۱۳) خواہش بیدار ہے اور عقل محوِ خواب ہے۔

﴿۷۹﴾ (۱٤) مشورہ دینے میں پہل نہ کرو اور خبردار بے سوچے سمجھے کسی معاملہ میں رائے نہ دو اور فی البدایہ بات کہنے سے اجتناب کرو۔ ایسے شخص کو مشورہ نہ دو جو مطلق العنان ہو، بے عقل ہو، متلون مزاج اور شیخی بگھارنے والا ہو۔ مشورہ لینے والے کی ہاں میں ہاں ملانے سے اللّٰہ سے ڈرتے رہو اس لیے کہ اس کی موافقت کی خواہش قابل ملامت ہے اور اسے بری خبر دینا خیانت ہے۔

﴿۸۰﴾ (۱٥) یقیناً دل زندہ بھی ہوتا ہے اور مر بھی جاتا ہے، جب دل زندہ ہو تو اسے مستحبات کا عادی اور جب مر جائے تو صرف واجبات پر اکتفا کرو۔

﴿٨١﴾ (١٦) يُهلِكُ اللّٰهُ ستًا بِستٍّ: الْاُمَرَاءَ بِالْجَوْرِ وَالْعَرَبَ بِالْعَصَبِيَّةِ وَالدَّهَاقِيْنَ بِالْكِبْرِ وَالتُّجَّارَ بِالْخِيَانَةِ وَأَهْلَ الرَّسَاتِيْقِ بِالْجَهَالَةِ وَالْفُقَهَاءَ بِالْحَسَدِ. [٩٠]

﴿٨٢﴾ (١٧) مَنْ لَمْ يُوَاخِ اِلَّا مَنْ لاٰ عَيْبَ فِيْهِ قَلَّ صَدِيْقُهُ وَمَنْ لَمْ يَرْضَ مِنْ صَدِيْقِهٖ اِلَّا الْاِيْثَارَ عَلٰى نَفْسِهٖ دَامَ سَخَطُهٗ وَمَنْ عَاتَبَ عَلٰى كُلِّ ذَنْبٍ كَثُرَ تَعَتُّبُهٗ. [٩١]

﴿٨٣﴾ (١٨) مُرُوَّةُ الرَّجُلِ فِيْ نَفْسِهٖ نَسَبٌ لِعَقِبِهٖ وَقَبِيْلَتِهٖ. [٩٢]

﴿٨٤﴾ (١٩) قِيْلَ فِيْ مَجْلِسِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ: جَاوِرْ مَلِكًا اَوْبَحْرًا فَقَالَ هٰذَا كَلَامٌ مُحَالٌ وَالصَّوابُ لاٰ تُجَاوِرْ مَلِكًا وَلاٰ بَحْرًا لِاَنَّ الْمَلِكَ يُؤْذِيْكَ وَالْبَحْرَ لاٰ يُرْوِيْكَ. [٩٣]

﴿٨٥﴾ (٢٠) قَالَ فِيْ الْقَضَاءِ وَالْقَدَرِ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ وَجَمَعَ اللّٰهُ الْخَلاَئِقَ سَاَلَهُمْ عَمَّا عَهِدَ اِلَيْهِمْ وَلَمْ يَسْأَلْهُمْ عَمَّا قَضٰى عَلَيْهِمْ. [٩٤]

﴿٨٦﴾ (٢١) مَنْ أَمَّلَ رَجُلاً هَابَهٗ وَمَنْ قَصَرَ عَنْ شَیْءٍ عَابَهٗ. [٩٥]

﴿٨٧﴾ (٢٢) مَا مِنْ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ رَجُلٍ سَلَفَتْ مِنِّی اِلَیْهِ یَدٌ أَتْبَعْتُهَا أُخْتَهَا وَأَحْسَنْتُ رَبَّهَا لِاَنِّی رَأَیْتُ مَنْعَ الْاَوَاخِرِ یَقْطَعُ شُکْرَ الْاَوَائِلِ. [٩٦]

﴿۸۱﴾ (۱۶) اللہ چھ طرح کے افراد کو چھ چیزوں سے ہلاک کرڈالتا ہے، حاکموں کو ظلم سے، عربوں کو تعصب سے، رؤسا کو تکبر سے، تجّار کو خیانت سے، دیہاتیوں کو جہالت سے اور فقہاء کو حسد سے۔

﴿۸۲﴾ (۱۷) جو صرف بے عیب سے رشتۂ اخوت قائم کرنا چاہے گا تو اس کے دوست بہت کم ہوں گے اور جو اپنے دوست سے سوائے ایثار کے اور کسی بات پر راضی نہیں ہوگا تو وہ ہمیشہ ناخوش رہے گا اور جو ہر برائی پر سرزنش کرے گا تو اسے بہت زیادہ سرزنش کرنا پڑے گی۔

﴿۸۳﴾ (۱۸) انسان کی اپنی ذاتی شرافت اس کی نسل اور اس کے خاندان کے لیے باعث شرف ہوتی ہے۔

﴿۸۴﴾ (۱۹) امام علیہ السلام کی موجودگی میں یہ کہا گیا کہ یا تو بادشاہ کے رفیق بن کر رہو یا سمندر کے ہمراہی۔ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ محال بات ہے درست یہ ہے کہ ان دونوں میں سے کسی کی صحبت اختیار نہ کرو اس لیے کہ بادشاہ تمھیں آزار پہنچائے گا اور سمندر تمھیں پیاسا رکھے گا۔

﴿۸۵﴾ (۲۰) قضاوقدر کے بارے میں فرمایا: جب قیامت آئے گی اور اللہ تمام مخلوقات کو جمع کرے تو اور جو کچھ ان پر گزر چکا ہے اللہ اس بارے میں ان سے کوئی سوال نہیں کرے گا، اللہ نے ان سے جو عہد و پیمان لیا تھا اس کے بارے میں سوال کرے گا۔

﴿۸۶﴾ (۲۱) جس کو کسی سے توقع ہوتی ہے تو وہ اس کی تکریم کرتا ہے اور جو شخص کسی شے سے محروم رہتا ہے تو وہ اس شے کو معیوب سمجھتا ہے۔

﴿۸۷﴾ (۲۲) میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ کوئی اور بات نہیں ہے کہ اگر میں نے کسی پر پہلے کوئی احسان کیا ہے تو اسے جاری وساری رکھوں اور اس کی اچھی طرح نگہداشت کرتا رہوں اس لیے کہ بعد میں انعام واکرام سے پہلوتہی کرنا سابقہ شکرگزاریوں کو منقطع کردیتا ہے۔

مِنْ كَلَامِ الْإِمَامِ مُوسىٰ الْكَاظِمِ عليه السلام

﴿۸۸﴾ (۱) وَجَدْتُ عِلْمَ النَّاسِ فِي أَرْبَعٍ: اَوَّلُهُنَّ: أَنْ تَعْرِفَ رَبَّکَ وَالثَّانِيَةُ: أَنْ تَعْرِفَ مَا صَنَعَ بِکَ وَالثَّالِثَةُ: أَنْ تَعْرِفَ مَا اَرَادَ مِنْکَ وَالرَّابِعَةُ: مَا يُخْرِجُکَ مِنْ دِيْنِکَ. [۹۷-۹۸]

﴿۸۹﴾ (۲) مَنْ تَكَلَّفَ مَا لَيْسَ مِنْ عِلْمِهِ ضَيَّعَ عَمَلَهُ وَخَابَ أَمَلُهُ. [۹۹]

﴿۹۰﴾ (۳) أَلْمَعْرُوفُ غِلٌّ لا يَفُكُّهُ اِلَّا مُكَافَاةٌ أَوْ شُكْرٌ. [۱۰۰]

﴿۹۱﴾ (۴) لَوْظَهَرَتِ الْآجَالُ اِفْتَضَحَتِ الْآمَالُ. [۱۰۱]

﴿۹۲﴾ (۵) مَنْ اسْتَشَارَ لَمْ يَعْدِمْ عِنْدَ الصَّوَابِ مَادِحًا وَعِنْدَ الْخَطَاءِ عَاذِرًا. [۱۰۲]

﴿۹۳﴾ (۶) مَنْ وَلَهَهُ [۱۰۳] اَلْفَقْرُ أَبْطَرَهُ الْغِنىٰ. [۱۰۴]

﴿۹۴﴾ (۷) مَنْ لَمْ يَجِدْ لِلْاِسَاءَةِ مَضَضًا لَمْ يَكُنْ لِلْاِحْسَانِ عِنْدَهُ مَوْقِعٌ. [۱۰۵]

﴿۹۵﴾ (۸) مَا تَسَابَّ اِثْنَانِ اِلَّا انْحَطَّ الْاَعْلىٰ اِلىٰ مَرْتِبَةِ الْاَسْفَلِ. [۱۰۶]

اقوال امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

﴿۸۸﴾ (۱) میں علم انسانی کو چار باتوں میں منحصر جانتا ہوں۔ پہلی بات یہ ہے کہ تم اپنے رب کی معرفت حاصل کرو، دوسری بات یہ ہے کہ تم یہ معلوم کرو کہ اس کا سلوک تم سے کیسا ہے، تیسری بات یہ ہے کہ تم یہ پتا چلاؤ کہ وہ تم سے کیا مطالبہ کرتا ہے، چوتھی بات یہ ہے کہ وہ کیا چیز ہے جو تمھیں دین سے دور لیے جارہی ہے۔

﴿۸۹﴾ (۲) جن چیزوں کا علم نہیں ان کے حصول کی سعی عمل کو ضائع کرنا ہے اور امید کو ناامیدی میں تبدیل کرنا ہے۔

﴿۹۰﴾ (۳) احسان اور نیکی ایک ایسی زنجیر ہے جسے احسان کا بدلہ چکائے یا شکر ادا کیے بغیر کھولا نہیں جاسکتا ہے۔

﴿۹۱﴾ (۴) اگر موت کا وقت کسی پر ظاہر ہو جاتا تو ساری آرزوئیں خاک مل جاتیں۔

﴿۹۲﴾ (۵) جو شخص مشورے سے کوئی کام انجام دیتا ہے تو اگر وہ کام درست ہو جائے تو تعریف کرنے والوں سے محروم نہیں رہتا اور اگر کام غلط ہو جائے تو معذرت قبول کرنے والے موجود ہوتے ہیں

﴿۹۳﴾ (۶) فقر و فاقہ جسے حیران کرتا ہے، دولت مندی اسے مغرور بنا دیتی ہے۔

﴿۹۴﴾ (۷) برائی کا ارتکاب کرتے ہوئے جسے کوئی دکھ نہیں ہوتا تو ایسے شخص سے نیکی کا سلوک بے سود ہے۔

﴿۹۵﴾ (۸) جب دو افراد آپس میں گالم گلوچ کرتے ہیں تو جو عالی مرتبت ہے وہ پست مرتبہ والے کی حد تک پہنچ جاتا ہے۔

﴿۹۶﴾ (۹) قَالَ نَفِيعُ الْاَنْصَارِیُ لِمُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ ـ وَكَانَ مَعَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَمَنَعَهُ مِنْ كَلَامِهِ فَأَبٰی ـ: مَنْ اَنْتَ؟

فَقَالَ: اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ النَّسَبَ فَاَنَا ابْنُ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ، ابْنُ اِسْمَاعِيْلَ ذَبِيْحِ اللّٰهِ، ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْبَلَدَ فَهُوَ الَّذِیْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَی الْمُسْلِمِيْنَ وَعَلَيْكَ ـ اِنْ كُنْتَ مِنْهُمْ ـ الْحَجَّ اِلَيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمُنَاظَرَةَ فِی الرُّتْبَةِ فَمَا رَضِیَ مُشْرِكُوْا قَوْمِی مُسْلِمِی قَوْمِكَ أَكْفَاءَ لَهُمْ حِيْنَ قَالُوْا:

"يَا مُحَمَّدُ أَخْرِجْ اِلَيْنَا أَكْفَاءَ نَا مِنْ قُرَيْشٍ"[۱۰۷] فَانْصَرَفَ مَخْزِيًّا.[۱۰۸]

﴿۹۷﴾ (۱۰) لَقِیَ الرَّشِيْدَ حِيْنَ قُدُوْمِهِ الْمَدِيْنَةَ عَلٰی بَغْلَةٍ فَاعْتَرَضَ عَلَيْهِ فِیْ ذَالِكَ فَقَالَ: تَطَأطَأتُ عَنْ خُيَلاءِ الْخَيْلِ وَارْتَفَعْتُ عَنْ ذِلَّةِ الْعِيْرِ وَخَيْرُ الْاُمُوْرِ أَوْسَطُهَا.[۱۰۹]

﴿۹٦﴾ (۹) نفیع انصاری نے امام موسیٰ بن جعفرؑ سے سوال کیا من انت ؟ آپ کون ہیں (وہ اس وقت عبدالعزیز بن عمر بن عبدالعزیز کے ساتھ تھا، عبدالعزیز نے ایسا کرنے سے منع بھی کیا مگر وہ نہ مانا) امام علیہ السلام نے جواب دیا اگر تم نسب کے بارے میں سوال کر رہے ہو تو میں فرزند ہوں محمد حبیب اللّٰہ بن اسماعیل ذبیح اللّٰہ بن ابراہیم خلیل اللّٰہ کا۔ اور اگر تمھارا سوال وطن سے متعلق ہے تو میرا وطن وہ سرزمین ہے کہ اللّٰہ نے تمام مسلمانوں پر اور تم پر بھی۔ اگر تم ان میں سے ہو۔ اس سرزمین کا حج فرض قرار دیا ہے اور اگر تم حیثیت اور منزلت دیکھنا چاہتے ہو تو میری قوم کے مشرکین بھی تمھاری قوم کے مسلمانوں کی ہمسری کو ناپسند کرتے تھے جس وقت انھوں نے کہا تھا ''اے محمد ہمارے مقابلے کے لیے انھیں لایئے جو قریش میں سے ہمارے ہم پلہ لوگ ہوں'' تو نفیع یہ جواب سن کر رسوائی کے ساتھ واپس چلا گیا۔

﴿۹۷﴾ (۱۰) جب ہارون الرشید مدینہ منورہ آیا تو امام عالی مقام سے اس کی ملاقات اس وقت ہوئی جب کہ امام ایک خچر پر سوار تھے۔ اس نے امامؑ کی طرف بنظر حقارت دیکھا تو امامؑ نے جواب دیا کہ میں گھوڑے کے غرور کو پامال کر چکا ہوں اور گورخر کی پستی سے بلند ہو چکا ہوں اور بہترین عمل میانہ روی اختیار کرنا ہے۔

مِنْ كَلامِ الْإِمَامِ عَلِيِّ بْنِ مُوسىٰ الرِّضا عليه السلام

﴿٩٨﴾ (١) مَنْ شَبَّهَ اللّٰهَ بِخَلْقِهِ فَهُوَ مُشْرِكٌ وَمَنْ نَسَبَ اِلَيْهِ مَا نَهىٰ عَنْهُ فَهُوَ كَافِرٌ.[١١٠]

﴿٩٩﴾ (٢) مَنْ طَلَبَ الْاَمْرَ مِنْ وَجْهِهٖ لَمْ يَزِلَّ فَاِنْ زَلَّ لَمْ تَخْذُلْهُ الْحِيْلَةُ.[١١١]

﴿١٠٠﴾ (٣) لَا يَعْدِمُ الْمَرءُ دَائِرَةَ السَّوءِ مَعَ نَكْثِ الصَّفْقَةِ وَلَا يَعْدِمُ تَعْجِيلَ الْعُقُوبَةِ مَعَ اِدَّراءِ الْبَغْيِ.[١١٢]

﴿١٠١﴾ (٤) الْاَنْسُ يُذْهِبُ الْمَهَابَةَ.[١١٣]

﴿١٠٢﴾ (٥) الْمَسْأَلَةُ مِفْتاحُ الْبُؤْسِ.[١١٤]

﴿١٠٣﴾ (٦) قَالَ عَلَيْهِ السَّلامُ فِيْ تَعْزِيَةِ الْحَسَنِ بْنِ سَهْلٍ التَّهْنِيَةُ بِآجِلِ الثَّوابِ اَوْلىٰ مِنَ التَّعْزِيَةِ عَلىٰ عَاجِلِ الْمُصِيْبَةِ.[١١٥]

﴿١٠٤﴾ (٧) قَالَ لَهُ الصُّوفِيَّةُ: اِنَّ الْمَأْمُوْنَ قَدْ رَدَّ هٰذَا الْاَمْرَ اِلَيْكَ وَاَنْتَ أَحَقُّ النَّاسِ بِهٖ اِلَّا أَنَّهُ تَحْتَاجُ أَنْ تَلْبَسَ الصُّوفَ وَمَا يَحْسُنُ لُبْسُهُ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: وَيْحَكُمْ اِنَّمَا يُرَادُ مِنَ الْاِمَامِ قِسْطُهُ وَعَدْلُهُ اِذَا قَالَ صَدَقَ وَاِذَاحَكَمَ عَدَلَ وَاِذَا وَعَدَ أَنْجَزَ.[١١٦]

اقوال امام علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام

﴿۹۸﴾ (۱) جو شخص اللہ کو اس کی مخلوقات سے تشبیہ دے وہ مشرک ہے اور جو اللہ کی طرف ان چیزوں کی نسبت دے جن سے اسے روکا گیا ہے تو وہ کافر ہے۔

﴿۹۹﴾ (۲) جو شخص کسی امر کی براہ راست جستجو کرے گا وہ کبھی لغزش نہیں کھائے گا اور اگر لغزش ہو بھی گئی تو تدبیریں اس کی مدد سے دریغ نہیں کریں گی۔

﴿۱۰۰﴾ (۳) معاملہ ختم کرنے کے بعد انسان برائی میں گرفتار ہونے سے بچ نہیں سکتا اور جو سرکشی کرتا ہے وہ جلدی سزا سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔

﴿۱۰۱﴾ (۴) حد سے زیادہ محبت وانس رعب وداب کو ختم کر دیتا ہے۔

﴿۱۰۲﴾ (۵) دست سوال دراز کرنا مفلسی کی کنجی ہے۔

﴿۱۰۳﴾ (۶) امام عالی مقام نے حسن بن سہل سے تعزیت پیش کرتے ہوئے فرمایا دنیا میں پیش آنے والی مصیبت پر تعزیت کرنے سے زیادہ احسن آخرت کے ثواب پر مبارک باد دینا ہے۔

﴿۱۰۴﴾ (۷) کسی صوفی نے امامؑ سے کہا کہ مامون نے اس امر حکومت کو آپ کی طرف پلٹا دیا ہے اور آپ اس کے سب سے زیادہ حق دار ہیں مگر آپ کو چاہئے کہ صوفیوں کا لبادہ اوڑھ لیں وہ کتنا اچھا پہناوا ہے۔ امام عالی مقام نے فرمایا! تم پر افسوس ہے امام سے جس چیز کی توقع کی جانی چاہیے وہ اس کا عدل وانصاف ہے کہ جب وہ بات کرے تو تو سچ بولے جب فیصلہ کرے تو انصاف سے کام لے اور جب کوئی وعدہ کرے تو اسے وفا کرے۔

﴿١٠٥﴾ (٨) وَسُئِلَ عَنْ صِفَةِ الزَّاهِدِ فقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: مُتَبَلِّغٌ بِدُوْنِ قُوْتِهِ مُسْتَعِدٌّ لِيَوْمِ مَوْتِهِ، مُسْتَبْرِمٌ بِحَيَاتِهِ.[١١٧]

﴿١٠٦﴾ (٩) قَالَ فِيْ تَفْسِيْرِ قَوْلِهٖ تَعَالیٰ ﴿فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ﴾[١١٨]: عَفْوٌ بِغَيْرِ عِتَابٍ.[١١٩]

﴿١٠٧﴾ (١٠) أَرَادَ الْمَأْمُوْنُ قَتْلَ رَجُلٍ فَقَالَ لَهُ: مَا تَقُوْلُ يَا أَبَا الْحَسَنِ؟ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَزِيْدُ بِحُسْنِ الْعَفْوِ اِلَّا عِزًّا فَعَفَا عَنْهُ.[١٢٠]

﴿١٠٨﴾ (١١) اُتِیَ الْمَأْمُوْنُ بِنَصْرَانِيٍّ زَنیٰ بِهَاشِمِيَّةٍ فَلَمَّا رَآهُ اَسْلَمَ فَقَالَ الْفُقَهَاءُ: أَهْدَرَ الْإِسْلَامُ مَا قَبْلَهُ: فَسَأَلَ الرِّضَا فَقَالَ: فَاِنَّهُ مَا أَسْلَمَ حَتّیٰ رَأَی الْبَأْسَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ ﴿فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوْا آمَنَّا بِاللّٰهِ﴾[١٢١-١٢٢]

﴿١٠٩﴾ (١٢) اِصْحَبِ السُّلْطَانَ بِالْحَذَرِ وَالصَّدِيْقَ بِالتَّوَاضُعِ وَالْعَدُوَّ بِالتَّحَرُّزِ[١٢٣] وَالْعَامَّةَ بِالْبِشْرِ.[١٢٤]

﴿١١٠﴾ (١٣) الْمَشِيَّةُ الْاِهْتِمَامُ بِالشَّیْءِ وَالْاِرَادَةُ اِتْمَامُ[١٢٥] ذَالِکَ.[١٢٦]

﴿۱۰۵﴾ (۸) امامؑ سے زاہد کے اوصاف پوچھے گئے تو فرمایا کہ وہ بغیر توشہ کے مقصد تک رسائی حاصل کر لیتا ہے، موت کے لیے ہر وقت تیار رہتا ہے اور اپنی زندگی سے ملول و حزین رہتا ہے۔

﴿۱۰۶﴾ (۹) آپ نے آیت ﴿فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ﴾ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ الصفح الجمیل کے معنی ہیں بغیر کسی سرزنش کے معاف کر دینا۔

﴿۱۰۷﴾ (۱۰) مامون نے کسی شخص کو قتل کرنے کا ارادہ کیا اور اسے قتل کرنے کے بارے میں امام کی رائے دریافت کی تو امامؑ نے فرمایا کہ جو حسنِ عفو سے کام لیتا ہے اللہ اس کی عزت کو بڑھا دیتا ہے تو مامون نے اس شخص کو معاف کر دیا۔

﴿۱۰۸﴾ (۱۱) ایک نصرانی شخص کو مامون نے پاس لایا گیا جس نے ہاشمی عورت کے ساتھ زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ اس نے مامون کو دیکھتے ہی اسلام قبول کر لیا۔ فقہاء نے کہا کہ اسلام نے اس کے پچھلے گناہوں کو معاف کر دیا۔ مامون نے امام علی رضاؑ سے دریافت کیا تو امامؑ نے جواب دیا کہ تم اسے قتل کر دو اس لیے کہ اس شخص نے سزا دیکھ کر اسلام قبول کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''جب انھوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو وہ کہنے لگے ہم تو خدا پر ایمان لاتے ہیں۔'' (غافر۔۸۴)

﴿۱۰۹﴾ (۱۲) بادشاہ کے ساتھ احتیاط، دولت کے ساتھ عاجزی، دشمن کے ساتھ ہوشیاری اور عام لوگوں کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آؤ۔

﴿۱۱۰﴾ (۱۳) کسی شے کے اہتمام کرنے کو مشیت کہتے ہیں اور اس کو عملی جامہ پہنانے کا نام ارادہ ہے۔

مِن کلام الامام محمد التقی علیہ السلام

﴿۱۱۱﴾ (۱) کَیْفَ یَضِیْعُ [۱۲۷] مَنِ اللّٰهُ کَافِلُهُ؟! وَ کَیْفَ یَهْرُبُ [۱۲۸] مَنِ اللّٰهُ طَالِبُهُ؟!. [۱۲۹]

﴿۱۱۲﴾ (۲) مَنِ انْقَطَعَ اِلیٰ غَیْرِ اللّٰهِ وَکَلَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ. [۱۳۰]

﴿۱۱۳﴾ (۳) مَنْ عَمِلَ عَلیٰ غَیْرِ عِلْمٍ کَانَ [۱۳۱] مَا اَفْسَدَ اَکْثَرَ مِمَّا یُصْلِحُ. [۱۳۲]

﴿۱۱۴﴾ (۴) اَلْقَصْدُ اِلَی اللّٰهِ تَعَالیٰ بِالْقُلُوْبِ اَبْلَغُ مِنْ اِتْعَابِ الْجَوَارِحِ بِالْاَعْمَالِ. [۱۳۳]

﴿۱۱۵﴾ (۵) مَنْ اَطَاعَ هَوَاهُ أَعْطیٰ عَدُوَّهُ مُنَاهُ. [۱۳۴]

﴿۱۱۶﴾ (۶) مَنْ هَجَرَ الْمُدَارَاةَ قَارَبَهُ الْمَکْرُوهُ. [۱۳۵]

﴿۱۱۷﴾ (۷) مَنْ لَمْ یَعْرِفِ الْمَوَارِدَ اَعْیَتْهُ الْمَصَادِرُ. [۱۳۶]

﴿۱۱۸﴾ (۸) مَنِ انْقَادَ اِلَی الطُّمَانِیْنَةِ قَبْلَ الْخُبْرَةِ فَقَدْ عَرَّضَ نَفْسَهُ لِلْهَلَکَةِ وَلِلْعَاقِبَةِ الْمُتْعِبَةِ. [۱۳۷]

﴿۱۱۹﴾ (۹) مَنْ عَتَبَ مِنْ غَیْرِ اِرْتِیَابٍ اُعْتِبَ مِنْ غَیْرِ اسْتِعْتَابٍ. [۱۳۸]

﴿۱۲۰﴾ (۱۰) رَاکِبُ الشَّهَوَاتِ لَا یُسْتَقَالُ لَهُ عَثْرَةٌ. [۱۳۹]

اقوال امام محمد تقی علیہ السلام

﴿۱۱۱﴾ (۱) اللہ جس کا کفیل (ضامن) ہو وہ کس طرح برباد ہو سکتا ہے اور اللہ جس کی تلاش میں ہو تو وہ کیسے بھاگ سکتا ہے

﴿۱۱۲﴾ (۲) جو اللہ کے علاوہ کسی اور کی طرف رخ کرتا ہے اللہ اس کو اسی شخص کے حوالے کر دیتا ہے۔

﴿۱۱۳﴾ (۳) جو شخص لاعلمی میں عمل کرتا ہے تو اس کے فاسد امور اس کے درست امور سے زیادہ ہوتے ہیں۔

﴿۱۱۴﴾ (۴) دلوں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قصد کرنا اعضاء و جوارح کو اعمال کے ذریعہ تھکا دینے کی بہ نسبت زیادہ رسا تر ہے۔

﴿۱۱۵﴾ (۵) جس نے اپنی خواہشات کی پیروی کی اس نے اپنے دشمن کی تمنا کو پورا کر دیا۔

﴿۱۱۶﴾ (۶) جو حسنِ سلوک سے دور ہو جاتا ہے بدبختی اس کے قریب آ جاتی ہے۔

﴿۱۱۷﴾ (۷) جو آنے کا راستہ نہیں پہچانتا اسے واپسی میں دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

﴿۱۱۸﴾ (۸) جو آزمائش سے پہلے ہی ہمّت ہار جاتا ہے وہ گویا اپنے آپ کو ہلاکت اور تھکا دینے والے انجام کے سامنے لے جاتا ہے۔

﴿۱۱۹﴾ (۹) جو بغیر شک کے کسی کی ملامت کرتا ہے تو رضامندی طلب کیے بغیر ہی اس سے رضامند بھی ہو جاتا ہے۔

